03/03/2026
07.40/PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبروں کا بلٹن لےکر مینشبیر الزماں

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ بھارت کی مضبوط اقتصادی صورتحال دنیا کےلئے امید کی کِرن// وزیر اعظم نریندر مو دی۔

*........ لفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اعلیٰ سطح کی میٹنگ میں جموںو کشمیر کی سلامتی صورتحال کا لیا جائزہ ۔

*........ وکست بھارت کا خواب پورا کرنے میں ہر خطے کی یکساں ترقی ضروری// وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ

اور

*........کشمیر صوبے کے تمام سکولوں اور کالجوں کو7مارچ تک بند رکھنے کا سرکار کا فیصلہ۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مو دی نے کہا کہ ملک کی مضبوط اقتصادی صورتحال اور تیز تر ترقی کے نتیجے میں بھارت دنیا کےلئے اُمید کی ایک کِرن بن گیا ہے۔

اقتصادی ترقی کی مضبوطی اور برقراری“ کے موضوع پر بجٹ کے بعد منعقد کئے گئے ایک ” ویبنار سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے خطاب کر تے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت عالمی سطح کے کار خانہ داروں اور اختراع کاروں کا ایک با اعتماد شراکت دار بن رہا ہے۔

------PM------

جنگ

ایران پر امریکہ اور اسرائیل کی مشترکہ فورسز کے ڈرون سے تازہ حملوں کے بعد مغربی ایشیاءمیں جنگ میں مزید شدت پیدا ہوگئی ہے۔ تازہ اطلاعات کے مطابق اسرائیل نے تہران اور بیروت کے فوجی ٹھکانوںپر ایک ساتھ حملے کئے۔

اسرائیل نے کہا ہے کہ اُس کی فوج حزب اللہ کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنا رہی ہے۔

دریں اثناءایران کے سرکار ی میڈیا نے کہا ہے کہ بحرین میں قائم امریکہ کے ایک ائر بیس کی کمان بلڈنگ کو تباہ کر دیا گیا ہے۔

میٹنگLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج سرینگر میں پولیس اور سکیورٹی ایجنسیوں کے اعلیٰ حکام کی ایک میٹنگ طلب کر کے جموںوکشمیرکی موجودہ سلامتی صورتحال کا تفصیل سے جائزہ لیا۔

میٹنگ میں فوج کی شمالی کمان کے سر براہ لیفٹنٹ جنرل پرتیک شرما، جموںو کشمیرپولیس کے لیفٹنٹ جنرل پرشانت سری واستوا اور GOC سر براہ نلین پربھات، فوج کی پندرویں کور کے پندرویں کور کے میجر جنرل بلبیر سنگھ موجود تھے۔

سنہامیٹنگ

اسی دوران لیفٹنٹ گورنر نے پولیس کنٹرول روم سرینگر میں ایک علیحدہ میٹنگ میں وادی میں امن و قانون کی صورتحال اور اس کو برقرار رکھنے کےلئے کئے جا رہے اقدامات کا جائزہ لیا۔

انہوننے پولیس افسروں کو ہائی الرٹ پر رہنے کی ہدایت دی ۔ ایل جی نے شہریوں اور کمیونٹی لیڈروں سے اس سلسلے میں اپنا مثبت رول ادا کرنے کی تاکید کی۔
گیلانی اور پولیس کے دیگر کئی اعلیٰ SJM کارڈنیشنDG نلین پر بھات ، سپیشلDGPمیٹنگ میں افسران بھی موجود تھے۔

ملاقاتLG
کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل راجیش کمار نے آج CRPFاسی دوران سینٹرل ریزرو پولیس فورس سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔

CM
وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ نے لوگوں سے امن و امان کو ہر قیمت پر برقرار رکھنے کی تاکید کی ہے۔جموں میں میڈیا نمائندوں سے بات کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ امن میں رخنہ ڈالنے والوں کی کوشش کو ناکام بنایا جانا چاہئے۔
--(CM-Cut-1)--
عمرعبداللہ نے کہا کہ ان کی سرکار وزارت خارجہ کے ساتھ قریبی رابطہ بنائے ہوئے ہے تاکہ ایران میں زیر تعلیم جموںو کشمیر کے طالب علموں کو محفوظ مقامات کی جانب منتقل کیا جا سکے۔
--(CM-Cut-2)--

میڈیا
سرینگر پولیس نے کچھ نیوز چینلوں، میڈیا اداروں اور کچھ افراد کی جانب سے مشرق وسطیٰ میں ابھرتی ہوئی صورت حال کے تعلق سے غلط اور بے بنیاد خبریں پھیلانے کا سخت نوٹس لیا ہے۔
درج FIRسرینگر پولیس نے اس سلسلے مینقصور واروں کے خلاف سائبر پولیس سٹیشن میں کیاہے۔
پولیس نے غلط خبریں پھیلانے والوں کو ایسا کرنے سے باز رہنے کی تنبیہہ کر تے ہوئے لوگوں کو ہوشیار رہنے کےلئے کہا ہے۔

پولیس اپیل
اس دوران پولیس نے کہا ہے کہ پُر امن انداز میں جذبات کے اظہار کا احترام کیا جائے گا۔ ایک بیان میں پولیس نے لوگوں سے امن وامان برقرار رکھنے کی اپیل کر تے ہوئے کہا ہے کہ تشدد، سنگ بازی یا عوامی املاک کو نقصان پہنچانے جیسی حرکتوں کو کسی بھی صورت میں برداشت نہیں کیا جائے گا۔
پولیس نے کہا ہے کہ امن کو زک پہنچانے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

تنویر صادق
نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے مرکزی وزیرداخلہ اور جموںو کشمیر کے ایل جی سے پچھلے دو روز کے دوران گرفتار کئے گئے سوگوار نوجوانوں کو رہا کرنے کی اپیل کی ہے۔
ایک بیان میں انہوننے کہا ہے کہ آیت اللہ سید علی خامنائی کے انتقال سے پیدا ہوئی صورتحال پر صبر و تحمل کا مظاہرہ کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔

صورتحال
ایران پر امریکہ اور اسرائیل کے حملونکے نتیجے میں وادی میں کسی بھی ممکنہ مظاہرے کو روکنے کیلئے آج دوسرے روز بھی تمام ضلعوں میں عائد کی گئی پابندیونسے معمول کی زندگی

متاثر رہی۔احتیاطی طور پر آج کشمیر صوبے کے تمام سرکاری اور پرائیوٹ اسکول ، کالج اور یونیورسٹیاں بند رہیں۔حساس علاقوں میں پولیس اور حفاظتی عملے کے اضافی دستے تعینات کئے گئے تھے۔

البتہ وادی کے کسی بھی علاقے سے کسی ناخوشگوارواقعے کی کوئی اطلاع نہیں ہے ۔ حکام نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ امن و قانون کو بر قرار رکھنے کیلئے قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کواپنا بھر پور تعاون دیں۔

CMکانفرنس

وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ نے کہا ہے کہ وکست بھارت کے نظریے کو ملک کی ہر ریاست اور ہر خطے کی جامع اور یکساں ترقی سے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔

جمونمیں"Holistic Development of Districts: Transforming Governance for Viksit Bharat" کے موضوع پر ایک روزہ نیشنل گورننس کانفرنس سے خطاب کر تے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ غیر متوازن ترقی سے یہ خواب پورا ہونے میں رُکاوٹ آسکتی ہے۔

وزیر اعلیٰ نے اپنی تقریر کے دورا ن گورننس میں ٹیکنالوجی کے ارتقائی رول پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ انہوننے یہ کانفرنس جموں میں منعقد کرانے کےلئے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ کا شکریہ ادا کر تے ہوئے سرینگر میں بھی اس قسم کی کانفرنس کے انعقاد پر زور دیا۔

کانفرنس میں مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ، پارلیمنٹ ممبرجگل کشور اور چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کے علاوہ عوامی شکایات و پنشنز کی مرکزی وزارت کے اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔

CMرابطہ

اس دوران سابق وزیر رمن بھلہ کی قیادت مینسپول سوسائٹی کے ایک وفد نے رابطہ آفس جموں میں وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ کے ساتھ ملاقات کی۔

جموں وکشمیر CIIسابق وزیر جگ جیون لال، ڈینٹل کالج جموں کی پرنسپل ڈاکٹر پروین اختر لون، علیم اورسابق وزیر جگل کشور شرما کی قیادت میں کئی وفود اور افراد نے MAکے چیرمین ڈاکٹر بھی وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملاقات کر کے مختلف ترقیاتی ضروریات پر ان سے تبادلہ خیال کیا۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے جمونو کشمیر کے نوجوانوں کے لئے مقامی، قومی اور بین الاقوامی سطح پر روزگار کے مواقعے دستیاب کرانے کی خاطر جامع کھوج اور تحقیق کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

آج جموں میں سکل ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی ایک میٹنگ کے دوران محکمے کی کار گذاری کا اور پالٹیکنک اداروں میں ایسے کورسز متعارف کرانے ITI جائزہ لیتے ہوئے نائب وزیر اعلیٰ نے کی ہدایت دی جو نوجوانوں کو روزگار دلانے میں معاون ثابت ہوسکیں۔

جا وید رانا

جل شکتی کے وزیر جا وید احمد رانا نے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور آبپاشی و فلڈ کنٹرول محکموں کی جانب سے عملائی جا رہی مختلف سکیموں کی تکمیل کےلئے ٹائم لائن مقرر کرنے پر زور دیا ہے۔

وزیر موصوف نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران ان محکموں کی مجموعی کارگذاری اور مختلف سکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔انہوننے کہا کہ موجودہ سرکار جمونو کشمیر میں پینے اور آبپاشی کے پانی کی سپلائی کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کےلئے موثر اقدامات کررہی ہے۔

رمضان المبارک

برکتوں سے پُر رمضان المبارک کا مہینہ جا ری ہے۔ اس مہینے میں روزے رکھنے والوں کو ہر نیکی پر اجر عظیم ملتا ہے۔ اگر چہ اس مہینے کے ایک ایک لمحے میں رب کائنات کی رحمتوں کا نزول ہو تا ہے تاہم افطار کا وقت روزے داروں کےلئے خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔
افطار کے وقت روزے دار کی دعا قبول ہو تی ہے۔ افطار کی اہمیت کے بارے میں وادی کے ایک عالم دین مولوی میر غلام محی الدین قادری نے کہا۔
-----Byte------

بریک
یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔
پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن نیوز آن ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر پر Radiokashmir@gmail.co شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس بھیج سکتے ہیں ۔
-----Gong-----

تعطیل
جمونو کشمیر سرکار نے کشمیر صوبے کے تمام سکولوں اور کالجوں کو7مارچ تک بند رکھنے کا اعلان کیا ہے۔اس سلسلے میں ڈائریکٹر سکول ایجوکیشن کشمیر نصیر احمد وانی کی جانب سے باضابطہ ایک حکم نامہ جا ری کیا گیا ہے۔
اُدھر کشمیر یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر نصیر اقبال کی اطلاع کے مطابق یونیورسٹی اور میں7مارچ تک تدریسی سرگرمیاں معطل رہیں گی۔ Campuses اسکے سبھی

شاہین
جنتا دل یونائٹیڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے کہا ہے کہ سکول بند رہنے سے طالب علموں کی پڑھائی بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔
انہوننے سرکار سے اپیل کی ہے کہ قیام امن کےلئے فوری اقدامات کئے جانے چاہئے۔

عالمی دن
آج جنگلی حیات کا عالمی دن منایاجا رہا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد ماحولیات کے توازن میں جنگلی حیات اور جنگلوں کی اہمیت کو اُجاگر کرنا ہے۔
وزیر اعظم نریندر مو دی نے جنگلی حیات کو تحفظ فراہم کرنے کے سرکار کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

ڈےHearing
ڈے بھی ہے۔ آج کے دن قوت سماعت سے محرومی کے مرض پر قابو پانے Hearing آج ورلڈ کے سلسلے میں بیداری پیدا کی جا تی ہے۔
شعبے کے پروفیسر اور ہیڈ ڈاکٹر ENTاس دن کی مناسبت سے گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر میں منظور احمد لٹونے آکاشوانی نیو ز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔
--Manzoor Ah Latoo --

کھٹانہ
بی جے پی کے سینئر لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر انجینئر غلام علی کھٹانہ نے آج راجوری میں پارٹی ورکروں کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔ اسکے علاوہ انہوننے کئی عوامی وفود سے بات کر کے ان کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

موصوف نے سماجی بہبود محکمے کے کئی دفاتر کا دورہ کرکے ان کے کام کاج کا جائزہ لیا۔MP

کھیلو انڈیا
اب خبر کھیلو انڈیا ونٹر گیمز سے متعلق
........Music........
شہرہ آفاق سیاحتی مقام گلمر گ میں23سے26فروری تک منعقد ہوئے کھیلو انڈیا ونٹر گیمز مقابلوں میں آرمی نے پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ ہماچل پردیش نے دوسری اور ہریانہ نے تیسری پوزیشن حاصل کی ۔ ان مقابلوں میں جمونو کشمیر نے دسواں مقام حاصل کیا۔
ان مقابلوں مینمیڈل جیتنے والے کئی کھلاڑیوں نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔
-----Players-----
........Music........

ہولی مبارک
لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے لوگوں کو ہولی کی مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں انہوننے کہا ہے کہ رنگوں کا یہ تہوار برائی پر اچھائی کی جیت کی عکاسی کر تا ہے۔
انہوننے امید ظاہر کی ہے کہ یہ دن عالمِ انسانیت کےلئے خوشحالی اور ترقی کی نوید لے کر آئے گا۔
وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری، کا بینی وزراءسکینہ ایتو اور ستیش شرما نے بھی لوگوں کو ہولی کی مبارکباد پیش کی۔

ہولیBJP
بھارتیہ جنتا پارٹی جمونوکشمیر کے اہتمام سے آج جموں مینہولی ملن کا اہتمام ہوا جس میں پارٹی کے پردیش صدر ست شرما نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔
ملن میں پارٹی کے کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔ست شرما اور باقی لیڈروں نے لوگوں کو ہولی کی مبارکباد دی ہے۔

رسم اجرائی
اس دوران بی جے پی جمونو کشمیر صدر اور پارلیمنٹ ممبر ست شرما نے آج جموں میں ایک
©بھگتی ویڈیو" گڑی وچ دو فوٹواں————————————————————————————
کی رسم اجرائی انجام دی۔ "©

ریلوے
ہولی کے تہوار کے دوران مسافرو ں کے ممکنہ رش کے مد نظر شمالی ریلوے کا جموں ڈویژن جموں اور شری ماتا ویشنو دیوی ریلوے سٹیشنوں سے دلی، وارانسی اور دیگر بڑے شہروں کےلئے خصوصی ریل گاڑیاں چلا رہا ہے۔

جموں پولیس
منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کارروائی جا ری رکھتے ہوئے پولیس نے جموں صوبے کے سانبہ ضلعے میں2، پونچھ میں1، ادھمپور میں1 اورمیراں صاحب جموں میں1 ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے۔

چاند گرہن

آج
کرہ

---

میں مکمل چاند گرہن دیکھا جا رہا ہے۔ اس گرہن کے دوران Time zonesارض کے مختلف ۂ
چاند زمین کے سائے میں دائیں سے بائیں طرف سفر کر تا ہے۔
بھارت میں یہ پہلا غیر معمولی فلکیاتی واقعہ سہ پہر 3بجکر20منٹ پر شروع ہوا جو
شام6بجکر47 منٹ تک جا ری ر ہا۔

موسم
محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جمونکشمیر مینموسم
خشک رہنے کا امکان ہے ۔
سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت22 اعشاریہ3ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے
کم درجہ حرارت2اعشاریہ1ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔
جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت30ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم
درجہ حرارت11اعشاریہ7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔
سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر56منٹ اور
غروب آفتاب شام6 بجکر29منٹ پر ہو گا۔
اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔
خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر
کشمیری میں نشر ہو گا ۔
خدا حافظ۔